ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

آئی جی سندھ نے ڈاکٹر محمد علی شاہ سندھ پولیس اسپورٹس کمپلیکس کا رساز کا افتتاح کیا۔

کراچی 06 مارچ 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے (ڈاکٹر محمد علی شاہ سندھ پولیس اسپورٹس کمپلیکس کارساز) کا باقاعدہ افتتاح کیا اور اس حوالے اسپورٹس کے فروغ اور ترقی جیسی سرگرمیوں میں مصروف عمل ڈاکٹر جنید کیساتھ ایک مفاہمتی یاداشت پر بھی دستخط کیئے۔آئی جی سندھ نے گراؤنڈ کا تفصیلی جائزہ لیا اور کھیلوں بالخصوص کرکٹ فروغ کے حوالے سے ڈاکٹر جنید کی کاوشوں کو سراہا اور تعریف کی۔

انہوں نے کہا کہ سندھ پولیس اسپتال کو بھی ڈاکٹر محمد علی شاہ کے نام سے منسوب کیا جائیگا۔ڈاکٹر محمد علی شاہ شعبہ طب اور بالخصوص آرتھوپیڈک سرجری کا ایک بڑا نام ہے اور اس حوالے سے انکی خدمات ایک سنگ میل بن چکی ہیں۔

میڈیا سے بات چیت میں انہوں نے مزید کہا کہ پی ایس ایل کرکٹ سیکیورٹی کے لیئے انتہائی نیک نیتی اور پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سامنے رکھتے ہوئے کام کررہے ہیں جسکا مقصد سیکیورٹی کے مجموعی امور واقدامات کو ہر قسم کی کمی یا خامی سے پاک کر کے اس میگا ایونٹ کو کامیاب بنانا اور بین الاقوامی کرکٹ کی پاکستان میں واپسی کو یقینی بنانا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ قیام امن کی خاطر ہزاروں پولیس افسران اور جوانوں نے اپنی قیمتی جانیں قربان کی ہیں اور کئی ہزار زخمی بھی ہوئے ہیں۔ہم ان عظیم سپوتوں کی قربانیاں ہرگز فراموش نہیں کر سکتے۔

انہوں نے کہا کہ تنقید برائے اصلاح لازماً کریں تاہم پولیس کے اچھے کاموں کو سراہنا بھی ضروری ہے کیونکہ ان سے عزم وحوصلے تقویت پاتے ہیں اور پولیس کی کارکردگی میں مزید بہتری کا عنصر نمایاں ہوکر سامنے آتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ حالیہ ٹارگٹ کلنگز کے تقریباً کیسز حل کر لیئے گئے ہیں جبکہ دو پولیس اہلکاروں کی شہادت کے ذمہ داران بھی جلد قانون کی گرفت میں ہونگے۔

بعدازاں آئی جی سندھ نیشنل اسٹیڈیم کراچی بھی گئے جہاں رینجرز سندھ اور پولیس کے اعلیٰ افسران نے انکا استقبال کیا۔آئی جی سندھ نے اسٹیڈیم میں قائم کمانڈ اینڈ کنٹرول روم کا بھی دورہ کیا اور کرکٹ گراؤنڈ میں پی ایس ایل میچز کے حوالے سے جملہ سیکیورٹی اقدامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ڈی آئی جی ایسٹ اور اسٹیڈیم انتظامیہ نے آئی جی سندھ کو سیکیورٹی انتظامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔

-:-:-:-:-:-:-:-:-:-